NYC Public Schools
Melissa Aviles-Ramos
Chancellor

18 دسمبر, 2025

عزیز اہلِ خانہ،

جیسے کہ ہم 2025 کے اختتام کے قریب پہنچ رہے ہیں، میں نیو یارک شہر پبلک اسکولز کا حصہ بننے اور اپنے بچوں کی تعلیم اور نشوونما کے لیے ہم پر اعتماد کرنے پر میں آپ کا شکریہ ادا کرنا چاہتی ہوں۔ یہ ایک ذمہ داری ہے جسے ہم نہایت سنجیدگی سے لیتے ہیں—اور یہ ایسی ذمہ داری ہے جسے ہم صرف آپ سب کے ساتھ شراکت میں ہی پورا کر سکتے ہیں۔

اس سال، ہم نے مل کر اپنے اسکولز میں تجسس اور گہرائی میں جا کر تعلیم کی اُمنگ پیدا کرنے کے لیے کام کیا ہے۔ NYC Reads اور NYC Solves کے ذریعے، ہم اس بات کو یقینی بنا رہے ہیں کہ طلباء کو شہر بھر میں معیاری خواندگی اور ریاضی کی تعلیم دی جائے۔ اپنے Student Pathways کے کام کے ذریعے، ہم طلباء کو ٹیکنالوجی اور صحت کی نگہداشت جیسے زیادہ طلب والے شعبوں میں مستقبل بنانے کے لیے تیار کر رہے ہیں۔ اور اپنے NYCPS Cares اقدام کے ذریعے، ہم بچے کی مکمل نشوونما اور پورے خاندان کی معاونت کر رہے ہیں۔

یہ کام ان تین بنیادی عزائم کے مطابق ہے جو میں نے چانسلر بننے کے وقت کیے تھے، وہ عزائم جو جامع تعلیم اور نشوونما کے لیے ماحول تخلیق کرتے ہیں: 1) تحفظ کو یقینی بنانا اور صحت و بہبود کو فروغ دینا، 2) اساتذہ کے جامع معاونت کے نظام کو مضبوط کرنا، اور 3) خاندان اور کمیونٹی کو بااختیار بنانا۔ میں اپنے اسکول کے رہنماؤں، اساتذہ، اور عملے کی شکر گزار ہوں، جن کی محنت سے ہم ان عزائم کو اپنی اسکول کمیونٹیز میں حقیقت میں بدلنے میں کامیاب ہوئے۔

اس کے نتیجے میں ہم نے حقیقی پیشرفت دیکھی ہے۔ گزشتہ موسمِ بہار میں، مطالعہ اور ریاضی میں مہارت ایک دہائی سے زیادہ عرصے میں سب سے بلند سطح تک پہنچ گئی۔ طلباء نے 2022 سے اب تک، کام پر مبنی تعلیم جیسے انٹرنشپ اور اپرنٹس شپ کے ذریعے 30 ملین ڈالر سے زیادہ کمائے ۔ اور گزشتہ سال کے دوران تقریباً 3,800 خاندانی رضاکار فیملی کنیکٹرز (Family Connectors) کے طور پر رجسٹر ہوئے، جو دیگر خاندانوں کو وسائل اور مدد تک رسائی فراہم کرنے میں معاونت کر رہے ہیں۔ ہماری پیش رفت کا مکمل خلاصہ دیکھنے کے لیے براہِ کرم ہماری ویب سائٹ schools.nyc.gov/NYCPSProgress ملاحظہ کریں۔

چانسلر اور ایک نیو یارک شہر پبلک اسکولز کے والدین کے طور پر، میں آپ کی شراکت داری کا شکریہ ادا کرتی ہوں اور آپ کی لیے خوشیوں بھری تعطیلات میں نیک تمناؤں کا اظہار کرتی ہوں۔ جیسے کہ ہم نئے سال کی آمد کی طرف دیکھ رہے ہیں، مجھے یقین ہے کہ ہمارے نوجوان مسلسل ترقی اور خوشحالی حاصل کریں گے۔

شکریہ کے ساتھ،

Melissa Aviles-Ramos
چانسلر